# 07-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ وہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں خواتین کو 60 پارٹی ٹکٹس دئے جانے کیلئے ذمہ داری قبول کریں گے۔

۲۔ وزیرزراعت ناگیشورراؤ نے مرکز پرزور دیا ہے کہ پام تیل کی درآمد سے متعلق اپنی پالیسی پرنظر ثانی کی جائے کیونکہ اس سے کئی گھریلو سطح کے کسان متاثر ہورہے ہیں۔

۳۔ ریاستی وزیر صحت داموددھر راج نرسمہا نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ریاست بھر میں وبائی امراض کے پیش نظر ضروری دواؤں کی بلاوقفہ سربراہی کو یقینی بنایا جائے۔

اور

۴۔ پنچایت راج، خواتین اور بچوں کی بھلائی کی ریاستی وزیر ڈاکٹر داناسری انوسویا سیتااکا نے بیجوں کے منتظمین کو سخت انتباہ دیا ہے کہ کسانوں کو دھوکہ دینے کی کسی بھی کوشش پر سختی کے ساتھ نمٹا جائے گا۔

## WEATHER

ریاست کے اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل اور نظام آباد میں بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کے علاوہ شدید سے انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا ہے کہ آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے اضلاع عادل آباد، آصف آباد اور منچریال میں بھی کہیں کہیں یہی صورتحال رہے گی۔ ریاست بھر میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں کئی مقامات پر بارش ہوئی۔

## SEETHAKKA

پنچایت راج، خواتین اور بچوں کی بھلائی کی ریاستی وزیر ڈاکٹر داناسری انوسویا سیتااکا نے بیجوں کے منتظمین کو سخت انتباہ دیا ہے کہ کسانوں کو دھوکہ دینے کی کسی بھی کوشش پر سختی کے ساتھ نمٹا جائے گا۔ ضلع ملگو کے موضع ناگارام کے منڈل وجیدو میں واقع آئی ٹی ڈی اے اسکل ڈیولپمنٹ سنٹر میں کسانوں میں چکس کی تقسیم کے پروگرام سے

خطاب کرتے ہوئے سیتا اکا نے پچھلے 6 ماہ کے دوران بیجوں کی کمپنیوں کے خلاف جدوجہد کرنے پر اسے کسانوں کی جیت قرار دیا۔ وزیر نے کہا کہ حکومت نے ملٹی نیشنل کمپنیوں کے ساتھ مقابلہ کیا اور اس بات کو یقینی بنایا کہ وہ کسانوں کی پابجائی کریں۔ وزیر نے کہا کہ یہ مسلسل کاوشوں اور اتحاد کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے اس معاملہ میں شامل ہونے پر ملگو کے ضلع کلکٹر دیوا کر کی ستائش کی اور کسانوں پر زور دیا کہ سیڈ کمپنیوں کے ساتھ معاملت کے دوران چوکس رہیں۔

DAMODAR

صحت وطبابت کے ریاستی وزیر داموذھر راج نرسمہا نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ریاست بھر میں وبائی امراض کے پیش نظر بلاوقفہ ضروری دواؤں کی سربراہی کو یقینی بنایا جائے۔ حیدرآباد میں کوٹھی میں واقع ٹی جی ایم ایس آئی ڈی سی میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے راج نرسمہا نے ڈائرکٹر آف میڈکل ایجوکیشن، کمشنر ودیا ودھانا پریشد اور محکمہ صحت کے ڈائرکٹر پر زور دیا کہ سنٹرل میڈیل اسٹورس میں کم از کم تین مہینہ کے لئے دواؤں کے ذخیرے کو رکھنے کیلئے سرگرمی سے اقدامات کئے جائیں۔ وزیر نے اس موقع پر اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت ریاست بھر میں عوامی صحت کے شعبہ کو بہتر بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

VANAMAHOTSAVAM:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ عوامی حکومت اس بات کیلئے پرعزم ہے کہ خواتین کو بااختیار بنایا جائے گا جبکہ انہوں نے اعلان کیا کہ اگلے اسمبلی انتخابات میں خاتون امیدواروں کو پارٹی سے 60 فیصد ٹکٹ دیئے جائیں گے۔ راجندر نگر، حیدرآباد میں واقع پی جے ٹی اگریکلچر یونیورسٹی میں ونامہا تسوم 2025ء کا آغاز کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے ریاستی حکومت کی خواتین کو بااختیار بنانے کی اسکیمات کا تذکرہ کیا جس میں سولار پلانٹس کا قیام اور بچوں کیلئے سرکاری اسکولس شامل ہیں۔ سی ایم نے کہا کہ ریاستی حکومت نے اِس سال ونامہا تسوم کے تحت 18 کروڑ پودے لگانے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے ماؤں پر زور دیا کہ اپنے بچوں کے نام پر شجرکاری کی ذمہ داری لیں۔ سی ایم نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ فطرت ہمارا تب ہی تحفظ کرے گی جب ہم اس کا خیال کریں۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ حکومت نے اس سال خاتون گروپوں کو 21 ہزار کروڑ روپے کے قرضے جات

دئے ہیں جبکہ انہوں نے ریاست میں آر ٹی سی بسوں میں خواتین کو مفت سفر کی سہولت کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ خاتون سلف ہلپ گروپوں کو شہری علاقوں میں بھی قائم کیا جائے گا۔

Sound Byte..

BJP

ریاستی بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ منتخب معاملوں میں ہی انصاف کررہی ہے جبکہ انہوں نے انتباہ دیا کہ اگر غیر قانونی تعمیرات بشمول اکبر الدین اویسی کے کالج کی عمارت کو فی الفور منہدم نہ کیا گیا تب صورتحال بدترین ہوگی۔ حکومت کے مبینہ رویہ پر سوال اٹھاتے ہوئے رام چندر راؤ نے پوچھا کہ کیا اکبر الدین کے ساتھ الگ انصاف ہوگا اور کیا غریبوں کے ساتھ علیحدہ انصاف کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت کارروائی کرنے میں ناکام رہتی ہے تب بی جے پی عوام کی جانب سے خود ہی اس معاملہ سے نمٹے گی۔

CENSUS:

مجوزہ مردم شماری کیلئے اپنی تفصیلات خودکار طور پر درج کرانے کیلئے ایک خصوصی ویب پورٹل دستیاب رہے گا۔ یہ پورٹل مردم شماری 2027ء کے دونوں مرحلوں کے دوران دستیاب رہے گا۔ مختلف سوشل میڈیا پوسٹس کے ذریعہ رجسٹرار جنرل اینڈ سنسس کمشنر آف انڈیا نے کہا کہ ملک بھر میں پہلی بار ڈیجیٹل طور پر مردم شماری ہوگی جبکہ تمام تر اعداد و شمار کو انگریز، ہندی اور علاقائی زبانوں میں موبائل ایپ کے ذریعہ حاصل کیا جائے گا۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے پارٹی کے سابق ارکان اسمبلی سدرشن ریڈی، وینکٹ رمنا ریڈی اور مختلف پارٹی کارکنوں کے خلاف آج ضلع ملگو میں پولیس کی جانب سے کی گئی کارروائی کی مذمت کی ہے۔ کے ٹی آر نے وزیر سیتا اکا سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا۔ جن کے حامی مبینہ طور پر رمیش نامی ایک شخص کی موت کے ذمہ دار ہیں جس نے خودکشی کرلی۔ سابق ارکانِ اسمبلی سدرشن اور وینکٹ رمنا کی قیادت میں بی آر ایس کے کارکنوں نے رمیش کی موت پر پرامن احتجاج کیا۔ کے ٹی آر نے کانگریس کے لیڈرس کے خلاف کارروائی کا مطالبہ جنہوں نے رمیش کو اس انتہائی اقدام کیلئے مجبور کیا۔ پولیس نے لاٹھی چارج کرتے ہوئے ان لیڈروں کو گرفتار کرلیا۔

## Chouhan Maize

زراعت وکسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے ملک میں مکئی کی زراعت کو مستحکم بنانے کیلئے مختلف گوشوں سے اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ریاست اور مرکزی حکومت کے سائنسدانوں، کسانوں، زرعی یونیورسٹیوں اور صنعتوں کو ایک ساتھ کام کرتے ہوئے اس مقصد کو حاصل کرنا چاہیئے۔ انہوں نے آج نئی دہلی میں ایف آئی سی سی آئی کی 11 ویں انڈیا مائز سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

## Death Toll

سنگا ریڈی میں واقع سگاچی انڈسٹریز میں ہوئے دھماکہ میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 42 ہوگئی جیسا کہ مزید دو افراد اپنے زخموں کی تاب نہ لاسکے۔ فارنسک ٹسٹوں کے ذریعہ اس بات کی توثیق ہوئی ہے۔ سنگاریڈی کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس پنکج نے بتایا کہ اوڈیشہ کے متوطن جتندر کل صبح دواخانہ میں علاج کے دوران فوت ہوگئے جبکہ بہار سے تعلق رکھنے والے منموہن چودھری ہفتہ کی شب جانبر نہ ہوسکے۔ ایس پی نے کہا کہ ڈی این اے کے ذریعہ نعش کی شناخت ہوئی ہے جبکہ جسم کے دیگر اعضاء کے تعلق سے بھی توثیق ہوئی ہے۔ پٹن چیرو گورنمنٹ ہاسپٹل کے سپرنٹنڈنٹ سرینواس ریڈی نے وضاحت کی کہ 40 مکمل نعشیں اور دو بنا اعضاء والی نعشیں ڈی این اے ٹسٹوں کے بعد متعلقہ خاندانوں کے حوالہ کردی گئی ہیں۔ اسی دوران دھماکہ کے مقام پر تلاشی آپریشن جاری ہے۔ جہاں فائر، ایس ڈی آر ایف، ہائیڈرا، مقامی پولیس اور محکمہ ریونیو کے عہدیدار مشترہ طور پر کام کررہے ہیں۔

## Tummala

ریاستی وزیر زراعت ناگیشور راؤ نے جنوبی ریاستوں کے درمیان تال میل کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ مرکز پر پام آئیل کی برآمد سے متعلق پالیسی کو تبدیل کرنے کیلئے زور ڈالا جاسکے۔ اس بنا پر پام آئیل کے کسان بہت زیادہ متاثر ہورہے ہیں۔ وزیر نے آندھرا پردیش، ٹاملناڈو، کیرالا اور کرناٹک کے وزرائے زراعت کے ساتھ ایک مشاورتی اجلاس منعقد کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے شمال مشرقی ریاستوں کے اپنے ہم منصبوں سے بھی رابطہ کیا اور اس سلسلہ میں مرکزی حکومت سے متحدہ طور پر اپیل کرنے کیلئے کہا۔

Governor

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے یہ بات یاد دلائی ہے کہ ڈگری حاصل کرنے والے ہر طالب علم کی ملک کی خدمت ذمہ داری ہے۔ وہ ہنمکنڈہ میں آج کاکتیا یونیورسٹی کے 23 ویں کانوکیشن سے خطاب کرر ہے تھے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ انہیں چاہیئے کہ سماجی تبدیلی کیلئے تیار رہیں۔

Sound Byte

گورنر نے کاکتیا یونیورسٹی نے اپنی خدمات کے 50 سال کے دوران کئی سنگ میل عبور کیئے اور کئی کارنامے انجام دئے۔

○○